© rasailojaraid.com



طبقہ نسواں

مولانا ابوالکلام آزادؒ

# مسلمان عورت اور کار زارِ حیات

برصغیر میں مرد و عورت ہر دو صنفوں کی ایک دوسرے پر برتری یا مساوات کی بحثیں مغربی تہذیب کے زیر اثر عرصۂ دراز سے چلی آرہی ہیں، جن میں عورتوں کی کلی مساوات کے نعرہ سے لے کر ان کے پردہ کے مسائل بھی زیر بحث آتے ہیں۔ اسی تناظر میں ہمارے دینی ادب میں بہت سی کتب بھی تحریر کی گئیں جن میں متوازن اسلامی موقف پیش کرنے کی کوشش کے ساتھ اسلامی حجاب کی مصلحتوں پر بھی بہت لکھا گیا۔

ایک صدی قبل ایسے ہی موضوع پر مصر کے فرید وجدی آفندی نے **المرأة المسلمة** کے نام سے ایک اہم کتاب تحریر کی جس کا اُردو ترجمہ مولانا ابوالکلام آزادؒ نے 'مسلمان عورت' کے نام سے کرکے شائع کیا۔ یہ ترجمہ تو کتابی شکل میں بہت سی لائبریریوں میں موجود ہو گا، لیکن اس تمام بحث کا خلاصہ ہم یہاں محدث کے قارئین کی خدمت میں پیش کررہے ہیں جو اسی کتاب کے آخری صفحات سے لیا گیا ہے۔

مکمل تفصیل کے شائقین اصل کتاب ملاحظہ کریں۔ مدیر

گو ہم اپنی بحث میں حس اور تجربہ کے ایسے دلائل پیش کرنے کے راستے پر قدم زن رہے ہیں۔ جن کو بجز اس کے اور کسی صورت میں غلط نہیں قرار دیا جاسکتا کہ پہلے ان کے چشم دید اور محسوس مقدمات کی تکذیب کرلی جائے جو ایک ناممکن امر ہے۔ تاہم مجھے یہ خوف ہے کہ موضوعِ بحث کے متعدد اقسام میں بٹ جانے سے مضمون طویل ہو گیا ہے اور اس حالت میں ممکن ہے کہ ناظرین کو وہ بہت سے نظریات یاد نہ رہے ہوں جو عورت کی پردہ نشینی کی ضرورت ثابت کرتے ہوئے بکار آمد دلائل ہوسکتے ہیں۔ اس لئے میں نے ارادہ کیا کہ ان اُمور کو بالاجمال چند صفحوں میں لکھ دوں تا کہ معمولی غور سے بھی ان کی اجمالی شکل پر احاطہ کرنا آسان ہو اور میں نے اس کی تفصیلی باریکیاں معلوم کرنے کا بار ناظرین کی یادداشت یا دوبارہ مطالعہ کتاب پر چھوڑ دیا ہے...... وہ نظریات حسبِ ذیل ہیں:

① عورت جسمانی اعتبار سے نسبت مرد کے بہت کمزور ہے اور علم قبول کرنے میں اس کا

www.KitaboSunnat.com

